فوری ریلیز کے لیے: 2023/3/5 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کی جانب سے ریاست نیو یارک میں ملازمتوں میں اضافے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے مالی سال 2024 کے بجٹ میں سرمایہ کاریوں کا اعلان***

***نیو یارک کے فلم، ٹیلی ویژن، اور پیشکاری فنون کے شعبوں کو سہارا دینے کے لیے ٹیکس کریڈٹ میں توسیع اور اضافہ***

***سائنسی تحقیق، اختراع اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے ٹیکنالوجی انوویشن میچنگ گرانٹ پروگرام کا قیام***

***نیو یارک سٹی بائیوٹیک ٹیکس کریڈٹ کی بحالی جو گورنر کے لائف سائنسز کے بڑھتے ہوئے شعبے کے عزم پر استوار ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج مالی سال 2024 کے تاریخی بجٹ کے جزو کے طور پر نیو یارک کی کاروباری برادری کی معاونت اور ریاستی معیشت کو فروغ دینے کے لیے انقلابی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ بجٹ ریاست نیو یارک بھر میں اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے اور اچھے مواقع اور نوکریاں پیدا کرنے کے لیے، دیگر اقدامات کے علاوہ ریاست نیو یارک کے فلم ٹیکس کریڈٹ کی سالانہ حد کو 700$ ملین تک بڑھاتا ہے، نیا ٹیکنالوجی انوویشن میچنگ گرانٹ پروگرام قائم کرتا ہے، اور نیو یارک سٹی بائیوٹیک ٹیکس کریڈٹ کو بحال کرتا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا**، "اس سال کے بجٹ میں رکھی گئی کایا پلٹ سرمایہ کاریاں ہماری ریاست کو جدید کاروباروں کو راغب کرنے، ملازمتوں اور مستقبل کے پیشوں کی جانب راستے کھولنے اور معیشت کو آگے بڑھانے کے لیے کام کرنے والے خاندانوں کی بہتر مدد کرنے میں ہاتھ بٹائیں گی۔ بلند ترقی والے شعبوں کو فروغ دینے، فلم اور پیشکاری فنون میں ملازمتوں کو بڑھانے اور برقرار رکھنے اور 21 ویں صدی کی افرادی قوت بنانے کے یہ اہم اقدامات نیو یارک کی عالمی وباء کے بعد کی بحالی کو تیز کریں گے اور ملک میں سب سے زیادہ مزدور دوست اور کاروبار دوست ریاست کے طور پر ہمارے موقف کو مستحکم کریں گے"۔

**<u>نیو یارک فلم ٹیکس کریڈٹ کو بہتر بنانا</u>**

مالی سال 2024 کے بجٹ میں نیو یارک فلم ٹیکس کریڈٹ کو بہتر بنانے اور بڑھانے کی دفعات شامل ہیں - جو ملک میں فلم پروڈکشن کے سب سے مستحکم ترغیبی پروگراموں میں سے ایک ہے۔ بجٹ کے جزو کے طور پر، ریاست نیو یارک فلم ٹیکس کریڈٹ کی سالانہ حد کو 700$ ملین تک بڑھا دے گی، "لائن سے نیچے" تنخواہوں کے لیے موجودہ کریڈٹ کے ساتھ "بالائے خط" تنخواہوں کے لیے ایک محدود کریڈٹ شامل کرے گی، اور کریڈٹ کو مستند اخراجات کے 30 فیصد پر بحال کرے گی۔ یہ تبدیلیاں پروگرام کے استحکام میں مزید اضافہ کریں گی، پروڈکشنز کو اپنی طرف راغب کرنے میں مدد دیں گی، اور نیو یارک کی فلم کی صنعت کو فروغ دیں گی، جو ریاست نیو یارک میں سب سے بڑے یونین آجروں میں سے ایک ہے۔

نیو یارک کا فلم ٹیکس کریڈٹ حاصل کرنے والی فلم پروڈکشنز ریاستی مراعات میں دیے جانے والے ہر 1$ کے بدلے اوسطاً 9$ سے زیادہ اقتصادی سرگرمیاں پیدا کرتی ہیں۔ یہ پروگرام ہر سال 57,000 سے زیادہ ملازمتوں، 1.2$ بلین کی نجی سرمایہ کاری اور 12$ بلین کی اجرتوں کی بھی کفالت کرتا ہے۔ مجموعی طور پر، سنہ 2014 سے لے کر

اب تک 1,502 منصوبوں نے ترغیبی پروگرام میں حصہ لینے کے لیے درخواست دی ہے، جس سے 1.7 ملین سے زیادہ ملازمتیں اور ریاست نیو یارک میں 35$ بلین سے زیادہ رقم خرچ ہوئی ہے۔

**ٹیکنالوجی انوویشن میچنگ گرانٹس پروگرام**

اس وقت، ملک کی نصف سے زیادہ ریاستوں کے پاس فیڈرل سمال بزنس انوویشن ریسرچ اور سمال بزنس ٹیکنالوجی ٹرانسفر پروگرامز کے ذریعے فنڈ حاصل کرنے والے درخواست دہندگان کے لیے مماثل گرانٹ پروگرام ہے۔ نیویارک ڑز ناٹ – اسے جدید سرمایہ کاریاں پیدا کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے میں ایک تقابلی نقصان میں رکھتا ہے۔

مالی سال 2024 کے بجٹ میں ٹیکنالوجی انوویشن میچنگ گرانٹ پروگرام کے لیے 6$ ملین کا اضافہ کیا گیا ہے، جس کی تجویز گورنر Hochul نے اپنے سالانہ ریاستی خطاب میں دی تھی، جو SBIR/STTR پروگراموں – جو "امریکہ کے سیڈ فنڈ" کہلاتے ہیں – جو چھوٹے کاروباروں کو تجارتی بنانے کی صلاحیت کے ساتھ تحقیق اور ترقی میں مشغول ہونے کی ترغیب دیتے ہیں، کے لیے درخواست دینے والی نیو یارک کی کمپنیوں کو درخواست دینے میں مدد اور تکنیکی مدد فراہم کرے گی۔ یہ میچنگ سرمایہ کاری، اس سرمایہ کاری کے لئے بیک وقت نوکریاں پیدا کرتے ہوئے اور نیویارک کے شہریوں کو دوسری ریاستوں کی مسابقت میں چھوٹے کاروبار کی افزائش اور نئی سائنسی ترقی کی نشوونما میں مدد فراہم کرے گی۔

**نیو یارک سٹی بائیوٹیک ٹیکس کریڈٹ کو بحال کرنا**

نیو یارک سٹی نے پہلے بائیو ٹیکنالوجی کی صنعت میں کاروبار کے لیے ٹیکس کریڈٹ کی اجازت دی تھی، لیکن اس کی میعاد 2019 میں ختم ہو گئی تھی۔ مالی سال 2024 کا بجٹ نیو یارک سٹی میں قائم ابھرتی ہوئی بائیو ٹیکنالوجی کمپنیوں کے لیے ٹیکس کریڈٹ کو بحال کرنے کے لیے قانون سازی کرتا ہے تاکہ شہر اور ریاست نیو یارک کو بائیو ٹیکنالوجی اور لائف سائنسز کے شعبوں میں آگے بڑھنے میں مدد ملے۔ قانون سازی نیو یارک سٹی کو یہ ٹیکس کریڈٹ مزید تین سال کے لیے پیش کرنے کا اختیار دیتی ہے۔

نیو یارک سٹی کو بائیو سائنس انڈسٹری میں فطری فائدہ ہے، پھر بھی یہ نئی ٹیکنالوجیز کی کمرشلائزیشن میں دوسرے شہروں سے پیچھے ہے۔ حال ہی میں، گورنر Hochul نے بائیو ٹیکنالوجی اور لائف سائنسز کی صنعتوں میں نیو یارک کے تشخیص کو بہتر بنانے کے لیے ہارلم بایو سپیس، Schrödinger, Inc.، اور ڈیئر فیلڈ ڈسکوری اینڈ ڈویلپمنٹ کی لیب آف دی فیوچر میں سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ یہ ٹیکس کریڈٹ نیو یارک سٹی کو لائف سائنسز میں جدید اور زندگی بچانے والی کامیابیوں کو تیار کرنے اور تجارتی بنانے کے لیے درکار اہم اہداف کو پورا کرنے میں مدد دے گا۔

**یوتھ جابز کنیکٹر**

مالی سال 2024 کا بجٹ 16 سے 24 سال کی عمر کے بیروزگار اور کم روزگار والے نوجوانوں کو مضبوط تعلیمی مدد اور ملازمت کی تربیت فراہم کرنے اور انہیں ملازمت کی منڈی کے لیے تیار کرنے کے لیے یوتھ جابز کنیکٹر پروگرام قائم کرتا ہے۔ ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، ریاست نیو یارک محکمۂ محنت، ریاست نیو یارک محکمۂ تعلیم، SUNY، CUNY اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں سمیت کثیر المحکمہ شراکت داری کے زیرِ انتظام پروگرام، ملازمت کی تیاری کی تربیت اور تعیناتی کی خدمات، کیریئر کونسلنگ، پری اپرنٹس شپ اور اپرنٹس شپس اور نوجوانوں کو کام تلاش کرنے میں مدد کرنے کے دیگر بامعنی مواقع پیش کرے گا۔

یوتھ جابز کنیکٹر پروگرام نیو یارک کے باصلاحیت افراد کے گروہ کو گہرا کرنے اور نیو یارک کے کاروبار کو 21ویں صدی کی معیشت میں حصہ لینے کے لیے درکار ہنر مند محنت کشوں کے ساتھ ملانے کے گورنر Hochul کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ گزشتہ برس، مالی سال 2023 کے بجٹ کے جزو کے طور پر، گورنر Hochul نے 350$ ملین ک افرادی قوت کی تیاری کی پہل قدمی قائم کی تھی، جس میں ریاست بھر میں تزویراتی افرادی قوت کی تیاری کے دفتر کی تشکیل بھی شامل تھی، تاکہ ریاست کو آجروں کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے میں مدد ملے۔

**نیو یارک سٹی کے میوزیکل اور تھیٹریکل پروڈکشن کریڈٹ کو وسیع کرنا**

اس کے علاوہ، مالی سال 2024 کا بجٹ نیو یارک کے پیشکاری فنون کے شعبے کے لیے ریاست کی معاونت جاری رکھنے کے لیے نیو یارک سٹی میوزیکل اور تھیٹریکل پروڈکشن کریڈٹ میں توسیع کرتا ہے، جو عالمی وباء سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوا تھا۔ بجٹ میں آف براڈوے پروڈکشنز کو کریڈٹ کے لیے اہل بنانے کی شرط شامل ہے، درخواست کی آخری تاریخ 30 جون 2023 سے 30 جون 2025 تک بڑھا دی گئی ہے، اور پروگرام کی مجموعی حد کو $300 ملین تک بڑھا دیا گیا ہے۔

**مقامی معیشتوں میں سرمایہ کاری**

مزید برآں، مالی سال 2024 کے بجٹ میں مقامی معیشتوں میں سرمایہ کاری کے لیے $1 بلین سے زیادہ شامل ہیں، بشمول $225 ملین گرانٹ فنڈنگ اور علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں کے لیے ٹیکس کریڈٹ، ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام اور NY Forward میں سے ہر ایک کو ایک اضافی سال کی فنڈنگ کے لیے $100 ملین، نیو یارک کمیونٹیز انیشی ایٹو کو بحال کرنے کے لیے $50 ملین، NYWORKS اقتصادی ترقیاتی فنڈ کے لیے $400 ملین اور علاقے کی ترقی اور بہتری میں معاونت کرنے والے منصوبوں کے لیے تقریباً $200 ملین۔

**نیویارک کی ترقی کرتی ہوئی سیمی کنڈکٹر کی صنعت**

مالی سال 2024 کا بجٹ سیمی کنڈکٹر کی توسیع، انتظام اور انضمام کے نئے گورنر کے دفتر کی بھی معاونت کرتا ہے، جس کا اعلان پہلی بار گورنر کے سالانہ ریاستی خطاب میں کیا گیا تھا، تاکہ ریاست کی سیمی کنڈکٹر صنعت کی ترقی کی رہنمائی کی جا سکے۔ وسطی نیو یارک میں ایک نئے میگا فیب کے لیے مائیکرون کی تاریخی $100 بلین سرمایہ کاری کی نگرانی کے لیے بجٹ GO-SEMI کو $45 ملین دستیاب کرتا ہے؛ سیمی کنڈکٹر کی صنعت اور اس کے رسدی سلسلے کو راغب کرنے کے لیے پالیسیاں تیار کرنا اور آگے بڑھنا؛ مقامی، ریاستی، وفاقی، اور نجی شراکت داروں کے درمیان افرادی قوت کی تیاری اور علاقائی سرمایہ کاری کو مربوط کرنا؛ انتہائی ہنر مند افرادی قوت کی تخلیق، انہیں راغب کرنے اور برقرار رکھنے کی کوششوں کی قیادت کرنا؛ اور نمو کے مستعد اصولوں پر مرکوز مربوط ترقی کی حمایت کرنا۔ GO SEMI، جس کی قیادت ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کر رہی ہے، کو متعدد ریاستی ایجنسیوں کے ماہرین کی مدد و معاونت حاصل ہو گی اور وہ ہمارے وفاقی اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کریں گے اور سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں سرمایہ کاریوں کی نگرانی کریں گے، اور اس طرح وہ ایسی عوامی/نجی شراکت داریوں کے صنعتی اور کمیونٹی منافع جات کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لئے ایک وسیع تر، قومی ماڈل کی تشکیل کرکے اس کا نفاذ کریں گے۔

**COVID-19 کیپٹل کاسٹس ٹیکس کریڈٹ پروگرام میں توسیع**

مالی سال 2024 کا بجٹ COVID-19 کیپیٹل کاسٹس ٹیکس کریڈٹ پروگرام کے لیے درخواست کی آخری تاریخ کو 31 مارچ 2023 سے 30 ستمبر 2023 تک بڑھانے کے لیے قانون سازی کرتا ہے، تاکہ چھوٹے کاروباروں کو اس ٹیکس کریڈٹ کے لیے درخواست دینے کے لیے مزید وقت مل سکے۔ پروگرام، جو مالی سال 2023 کے بجٹ میں منظور کیا گیا ہے، ایسے چھوٹے کاروباروں کی معاونت کرتا ہے جنہوں نے ہنگامی احکامات اور ضوابط کی تعمیل کرنے یا COVID-19 کے جواب میں عوامی تحفظ کو بڑھانے کے لیے سرمایہ کاری کی تھی۔ سنہ 2022 میں پروگرام کے آغاز سے لے کر اب تک 1,300 سے زیادہ کاروباری اداروں نے $15.2 ملین سے زیادہ کی فنڈنگ حاصل کی ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں